بسم اللہ الرحمن الرحیم

# چائنہ گراس(Chinagrass)حلال ہے یا حرام؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا چائنہ گراس(Chinagrass)کھانا حلال ہے؟

## جواب

جواب جاننے سے قبل تمہیداً یہ ذہن نشین رکھیں کہ جب تک کسی چیز کے بارے میں شرعی طریقے سے ثابت نہ ہو جائے کہ اس میں کوئی ناپاک یا حرام چیز ملی ہوئی ہے، تب تک اسے ناپاک و حرام قرار نہیں دیا جاسکتا، لہٰذا نجاست یا حرمت کا ثبوت ملنے تک اس کا استعمال بھی جائز ہوگا۔ البتہ اگر کوئی شبہہ والی خبر سن کر احتیاط کرے، تو بہتر ہے۔ اور اگر شرعی طریقہ کار سے ثابت ہوجائے کہ اس میں ناپاک یا حرام چیز ملی ہے، مثلاً بنانے والے خود اقرار کرتے ہوں یا گواہانِ شرعی سے ثابت ہوجائے، تو پھر اس کا استعمال ناجائز ہوگا۔

ہماری معلومات کے مطابق چائنہ گراس ایک سمندری بوٹی سے بنایا جاتا ہے اور اسے کھانے کی اشیاء بالخصوص میٹھی ڈشز کے اندر استعمال کیا جاتا ہے۔

نباتات یعنی زمین سے اُگنے والے پودوں، پھلوں اور جڑی بوٹیوں کے حوالے سے شرعی اصول یہ ہے کہ تمام نباتات حلال ہیں، جبکہ نقصان پہنچانے کے لئے استعمال نہ کی جائیں۔ لہٰذا جب تک یقین کے ساتھ شرعی طریقے سے معلوم نہ ہوجائے کہ اس میں کوئی ناپاک یا حرام چیز شامل کی جاتی ہے، تب تک اسے ناپاک نہیں کہہ سکتے، استعمال کرسکتے ہیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2532

تاریخ اجرا: 21ربیع الآخر1447ھ/15اکتوبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net